سوال

میری ایک والد کی جانب سے بہن ہے، اور بہن کی ماں جائی بہن ہے کیا میرے لیے اپنی اس بہن کی ماں جائی بہن سے شادی کرنا جائز ہے ؟

جواب

الحمد للہ

جی ہاں اس سے شادی کرنا جائز ہے

شیخ صالح الفوزان کہتے ہیں :

"اگر آپ کے والد کی جانب سے آپ کی بہن ہے تو آپ کے لیے اس بہن کی ماں کی جانب سے بہن کے ساتھ شادی کرنا جائز ہے، کیونکہ آپ اور اس کی ماں جائی بہن کے درمیان کوئی تعلق نہیں، اس لیے اس سے شادی کرنے میں کوئی مانع نہیں ہے کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور تمہارے لیے اس کے علاوہ باقی عورتیں حلال کی گئی ہیں النساء (24).

دیکھیں : المنتقی (258/5).

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اس صورت میں نکاح کے جواز پر مسلمانوں کا اجماع نقل کرتے ہوئے کہا ہے :

" یہ جائز ہے کہ کسی شخص کی ماں کی جانب سے بہن اس شخص کے باپ کی جانب سے بھائی کے ساتھ شادی کرلے، اور یہ چیز مسلمانوں میں بغیر کسی اختلاف کے متفق علیہ ہے " واللہ اعلم اھ کچھ تصرف کے ساتھ

دیکھیں : الفتاوی الکبری (163/3).

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

33752